| | |
|---|---|
| 5۔ ابر آلود بوندا باندی کے موسم میں چنائی ہرگز نہیں کرنی چاہیئے اور مطلع صاف ہونے کے 2/3 روز بعد کرنا مفید ہے۔ | تاکہ کپاس کو نمی سے محفوظ کیا جاسکے۔ |
| 6۔ کپاس چننے والے/والیوں کو خاص تربیت سے چنائی پر لگانا چاہیئے اور چنائی نیچے سے شروع کریں اور اوپر کو کرتے جائیں۔ | چنائی اور نگرانی بہتر ہوگی۔ |
| 7۔ نیچے گری ہوئی پھٹیوں کو صاف کر کے کپاس میں ملا لینا چاہیئے۔ | تاکہ کوالٹی کا معیار برقرار رہے۔ |
| 8۔ کپاس کی زیادہ سے زیادہ 3 چنائی کرنی چاہیئے۔ | وقفہ کم کرنے سے ریشہ کچا رہ جاتا ہے۔ |
| 9۔ کپاس رکھنے کے گودام خشک صاف ستھرے اور ہوادار ہونے چاہیئں۔ | تاکہ کپاس گرم نہ ہونے پائے۔ |
| 10۔ کپاس کو مناسب سائز کے ڈھیروں میں رکھنا چاہیئے۔ | تاکہ کپاس کو گرم ہونے سے بچایا جاسکے۔ |

| | |
|---|---|
| 11۔ کپاس کی آخری چنائی کی پھٹی علیحدہ رکھنی چاہیئے۔ | کیونکہ اس کا معیار اچھا نہیں ہوتا۔ |
| 12۔ کپاس کی چنائی میں پتے اور گھاس پھوس اور تنکے وغیرہ شامل نہ ہونے دیں۔ | تاکہ کوالٹی اچھی ہو۔ |
| 13۔ چنائی کیلیئے سوتی پلیاں استعمال کرنی چاہئیں اور کپاس کو سوتی کپڑے کے بوروں میں بھر کر سلائی سوتی ڈوری سے کرنی چاہیئے پٹ سن یا پولی پراپلین کے بورے ہرگز استعمال نہ کریں۔ | تاکہ کوالٹی برقرار رہے |
| 14۔ فیکٹری تک لے جانے والی ٹرالیوں کو ترگڑ یا کپڑے سے اچھی طرح ڈھانپنا چاہیئے اس مقصد کیلیئے پٹ سن کی بوریاں استعمال نہ کریں | تاکہ کپاس کی کوالٹی برقرار رہے۔ |


اگر مندرجہ بالا سفارشات پر عمل کیا جائے تو نہ صرف کاشتکاروں کو کپاس کے دام زیادہ ملیں گے بلکہ عالمی منڈی میں ملکی ساکھ میں بھی اضافہ ہوگا۔

Sangtani

BCI Better Cotton Initiative

# کپاس کی صاف چنائی

اور



# آلودگی سے پاک چنائی


منجانب

**سنگتانی وومن رورل ڈویلپمنٹ آرگنائزیشن**

گلی نمبر 3، بودلہ کالونی، تحصیل وضلع راجن پور

فون: 0604-688997 ای میل: sangtani.wrdo@gmail.com

# کپاس کی صاف چنائی کیسے ممکن ہے

کپاس کی چنائی کا مرحلہ شروع ہونے والا ہے۔

اب توجہ طلب بات یہ ہے کہ کاشتکاروں کو ان کی پیداوار کا صحیح معاوضہ ملنا چاہیئے۔ اس سلسلہ میں کپاس کی کوالٹی کو بہتر سے بہتر بنانے کی ذمہ داری کسان سے لیکر آڑھتی اور جینر تک برابر عائد ہوتی ہے کاشتکاروں کو چاہیئے کہ وہ ان تمام ہدایات پر عمل پیرا ہوں جو کہ **سنگتانی وومن رول ڈویلپمنٹ آرگنائزیشن** نے منسلک پرچہ میں درج کی ہیں۔

**BCI** اور **سنگتانی** کے بہترین کپاس پروجیکٹ میں کسانوں کو ہدایات کی جاتی ہیں کہ وہ معلوماتی پرچہ میں درج ہدایات پر عمل کریں اور الاٹ کردہ کوڈ جینرز کو جمع کروائیں اور اپنی کپاس فروخت کریں۔

* * * * * * * *

آڑھتی صاحبان اور جینرز حضرات کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ ایسے کاشتکاروں کی حوصلہ افزائی فرمائیں جن کی پھٹی کی کوالٹی اچھی ہو یعنی اچھی کوالٹی والی پھٹی کی قیمت اچھی ادا کر کے ان کی حوصلہ افزائی کی جائے تاکہ ضلع راجن پور سے برآمد ہونے والے مال مکمل اور عالمی منڈی میں اچھے دام کر سکے آپ کا یہ تعاون **خوشحال پاکستان** کی طرف ایک اہم قدم ہوگا۔

# تعارف برائے بہترین کپاس کا پراجیکٹ

یہ معلوماتی کتابچہ **سنگتانی آرگنائزیشن** نے اپنے ایک پروگرام پائیدار زراعت اور معاشی خوشحالی کے تحت عملدرآمد ہونے والے ایک پراجیکٹ بہترین کپاس اور کسان کی معاشی خوشحالی کے تحت شائع کیا ہے، یہ پراجیکٹ **Better Cotton Initative BCI** کے تعاون سے شروع کیا گیا ہے۔ تاکہ **BCI** کے چھ اصولوں اور **24-44** طے شدہ معیار کے تحت بہترین کپاس کی کاشت کو یقینی بناتے ہوئے اسکی ترویج ممکن ہوسکے، اس کے ساتھ ساتھ کسانوں کی بہترین کپاس کے حوالے سے استعداد کار میں بھی اضافہ کیا جاسکے۔ بہترین کپاس کی پیداوار کسان کے بہتر مستقبل کا ضامن ہے پراجیکٹ کے ذیل مقاصد ہیں۔

کسانوں کی تربیت اور استعداد کار میں اضافہ کے ذریعے کپاس کی پیداواری لاگت کو کم کر کے صحیح منافع لیا جاسکے۔

کسانوں کو موبیلائز کیا جائے تاکہ وہ زیادہ سے زیادہ کپاس اُگائیں اور نقصان دہ اور زیادہ خرچے والی پریکٹس کو بلترتیب ختم کریں۔

**10500** کسانوں پر مشتمل لوکل گروپس کو تین سے پانچ سال کے عرصہ میں اس نہج پر تربیت دے کر استعداد کار میں اضافہ کرتا ہے کہ بہترین کپاس کے مقاصد کو حاصل کرنے کے لیے پائیداری کی بنیاد پر حکومت کے زراعی محکمہ اور جنرز کے ساتھ آزادنہ طور پر کام کرسکیں۔ اور تنظیم ہذا ہے ذیل وسیع البنیاد مقاصد کا حصول بھی مذکورہ پراجیکٹ کے اولین مقاصد میں سے ایک ہے۔

فامر رائیڈوایزری سنٹرز کے ذریعے کسانوں کو کمپوسٹ، بائیو پیسٹی سائیڈ اور مختلف نامیاتی طریقے سکھانا تاکہ فارمر ریسرچ فارمز کے ذریعے کسانوں کو مختلف طرح کی تحقیق کے عمل میں شامل کیا جاسکے۔

☆ مختلف موسمی تبدیلیوں جیسے فلڈ و دیگر کا جائزہ لینا اور کسانوں کے ساتھ مل کر ان موسمیاتی تبدیلیوں پر تحقیق کرنا تاکہ ایسی ٹیکنالوجیز دریافت کی جاسکیں جو ان موسمیاتی تبدیلیوں کے باوجود کسانوں کو اچھی پیداوار لینے میں مدد دے سکیں بلاشبہ کپاس پاکستان کی اہم فصل ہے۔ اور اس سے لاکھوں کسانوں، ورکرز اور اس فصل سے جڑے دیگر لوگوں کا روزگار اور کاروباری مفاد منسلک ہے۔

پچھلے کئی سالوں سے کپاس کی فصل کسانوں کیلئے منافع بخش نہیں رہی۔ جس کی بڑی وجہ زہروں اور کھادوں کے بے دریغ استعمال سے کپاس کی پیداواری قیمت میں خاطر خواہ اضافہ ہوا ہے۔ کسان بڑی محنت سے فصل اگاتے ہیں۔ مگر ان کے منافع کا بڑا حصہ بیج، زہر، اور کھاد بنانے والی کمپنیاں لے جاتی ہیں۔

بہترین کپاس کا پراجیکٹ کپاس کے مستقبل کو محفوظ بنانے کی جدوجہد کی کڑی ہے۔ جس میں قدرتی ذرائع کے بہتر استعمال اور **IPM** کے ذریعے کسان کے منافع کو عام بڑھانے کی کوشش کی گئی ہے۔ اس طرح نہ صرف کسان کو فائدہ ہوتا ہے بلکہ انسانی صحت کے ساتھ ساتھ ماحول کا خیال بھی رکھا جاتا ہے۔ اسکے ساتھ ساتھ اس کام سے جڑے ورکرز، بچوں اور عورتوں کے برابری کی بنیاد پر مواقع اور اجرت کی ادائیگی کے تحفظ بارے بھی بات کرتا ہے۔

امید ہے زیر نظر معلوماتی کتابچہ بہتر کپاس مطلوبہ مقاصد کو حاصل کرنے میں مددگار ثابت ہوگا۔ اضافی اخراجات کو کم کر کے صاف کپاس کے حصول کے رویے کو ترویج دے گا۔

**پروگرام منیجر**

**سبطین خان جسکانی**

کپاس کی چنائی اور سٹور کرتے وقت جن امور کا خیال کیا جاتا ہے وہ درج ذیل ہیں۔

| سفارشات | فوائد / وجوہات |
|---|---|
| 1۔ چنائی شبنم ختم ہونے پر شروع کی جائے۔ | اس سے شبنم کی نمی کپاس میں نہیں آتی اور کپاس ڈھیروں میں گرم ہونے سے بچ جاتی ہے جس سے بیج کا اُگاؤ متاثر نہیں ہوتا اور تیل کی مقدار کم نہیں ہوتی اور روئی کا معیار بھی نہیں گرتا |
| 2۔ چنائی کے بعد کپاس صاف ستھری جگہ پر رکھی جائے۔ | اس کی کوالٹی خراب ہونے سے محفوظ رہے گی۔ |
| 3۔ کپاس چننے کے بعد ڈھیریاں خشک اور صاف ستھری جگہ قطار میں ورائٹی وائز علیحدہ لگائیں۔ | کپاس نم آلود نہیں ہوگی اور اس کی کوالٹی خراب نہیں ہو گی اسکی نگرانی بھی بہتر ہو سکے گی۔ |
| 4۔ چنائی کرتے وقت صرف وہی ٹینڈے چنے جائیں جو اچھی طرح کھل چکے ہوں آدھ کھلے یا کچے ٹینڈے ہرگز نہیں چننا چاہیئے۔ | کچے ٹینڈے چننے سے روئی کچی بنتی ہے جس کے ریشے میں طاقت کم ہوتی ہے اور مائکرنیئر بھی کم ہوتا ہے۔ |